فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

# فیسکو نیوز

وزارت توانائی (پاور ڈویژن)
حکومت پاکستان

FAISALABAD ELECTRIC SUPPLY COMPANY
FESCO

ایڈیشن: اکتوبر 2024ء شمارہ نمبر: 170 جلد نمبر: 12 کل صفحات: 16



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن
کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب میں وکلاء سوسائٹی سے خطاب

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا پاکستان ہوزری
مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کا دورہ





ورلڈ نومڈ گیمز میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کی
چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر سے فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات

# فیسکو نیوز

ایڈیشن: اکتوبر 2024ء، شمارہ نمبر: 170 جلد نمبر: 12 کل صفحات: 16



منتظم اعلیٰ

**انجینئر محمد عامر**

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



مدیر اعلیٰ

**غلام مجتبیٰ خان**

ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فیسکو



مدیر

**طاہر محمود شیخ**

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (پبلک ریلیشنز) فیسکو

## ایڈیٹوریل ٹیم



اویس دانش



ایوب احمد

## فوٹوگرافی



محمد وسیم

پبلشر

شعبہ تعلقات عامہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ فیصل آباد

Toll Free: 080066554, Help Line: 118, +92419220282, www.fesco.com.pk

# عرض مدیر

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) میں ایڈوانس میٹرنگ انفراسٹرکچر (AMI) کی تنصیب جاری ہے۔ چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پرفیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں 11327 اے ایم آئی میٹرز کی تنصیب کر دی گئی ہے جبکہ موجودہ پلان کے تحت کل 16 ہزار 66 میٹرز لگائے جائیں گے۔فیسکو ریجن میں تمام زرعی اور انڈسٹریل بجلی کے پرانے میٹروں کی جگہ جدید اور اور دور حاضر کے تقاضوں کے مطابق ایڈوانس میٹرنگ انفراسٹرکچر (AMI) میٹرز کی تنصیب کا عمل تیزی سے جاری ہے اور اب تک 11 ہزار 327 میٹرز نصب کئے جا چکے ہیں۔ جلد ہی فیسکو کے تمام اضلاع میں انڈسٹریل ٹیرف کے حامل ایم ڈی آئی میٹرز اور ہائی لاسز فیڈرز پر نصب تمام پرانے بجلی میٹروں کو AMI میٹرز سے تبدیل کر دیا جائے گا جس کے باعث بجلی کی بلاتعطل فراہمی اور لائن لاسز میں نمایاں کمی واقع ہوگی۔اے ایم آئی میٹرز کی تنصیب یقینی طور پر خودکار سو فیصد درست اور بروقت میٹر ریڈنگ بجلی چوری پر قابو پانے اور بجلی کی طلب و رسد کا درست تعین کرنے میں معاون اور مددگار ثابت ہوگی۔علاوہ ازیں بجلی کے استعمال پر کنٹرول، ریکوری میں اضافے اور میٹر میں آنے والے فالٹ کی خودکار طریقے سے متعلقہ دفتر کو آگاہی ممکن ہوگی۔صارفین کو اے ایم آئی میٹر کے بارے میں درست معلومات فراہم کرنے کے لئے فیسکو کی جانب سے مختلف فورمز پر آگاہی مہم بھی شروع کی ہے اس منصوبے کی تکمیل یقینی طور پر پاکستان کے پاور سیکٹر میں ایک انقلابی اور مثبت تبدیلی لائے گی۔تاہم اس منصوبے کی جلد کامیابی اور فوائد سے مستفید ہونے کے لیئے فیسکو انتظامیہ کو صارفین کی طرف سے مکمل تعاون درکار ہے۔

# اس شمارے میں

04 سیدنا بلال کی رہائی
05 چیف ایگزیکٹوفیسکو انجنیئر محمد عامر کا پاکستان ہوزری مینوفیکچرز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے دورہ کے موقع پر خطاب
06 فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں 11327 اے ایم آئی میٹرز کی تنصیب کر دی گئی ہے
07 چیف ایگزیکٹوفیسکو انجنیئر محمد عامر کا ورلڈ نوڈ گیمز میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں سے فیسکو ہیڈکوارٹرز میں ملاقات
08 چیف ایگزیکٹوفیسکو انجنیئر محمد عامر کا ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب میں عہدیداران اور وکلاء سوسائٹی سے خطاب
09 فیسکو ٹیکنیکل سروسز کی طرف سے منعقدہ سالانہ محفل میلاد سے چیف انجینئر آپریشن محمد سعید، فیصل شفیع رانا اور دیگر مقررین کا خطاب
10 سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ کا ستی سب ڈویژن فیسکو جھنگ میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب
11 فیسکو شعبہ کنسٹرکشن: فیسکو ریجن میں 255.981 ملین سے زائد کی لاگت سے مختلف منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا
12 چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات: آپریشن سرکلز میں سالانہ مینٹی نینس شیڈول جاری کر دیا گیا
13 چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو کی نادہندگان کے خلاف ریکوری مہم بھرپور طریقے سے جاری ہے
14 ایس ڈی او گارڈن کالونی سب ڈویژن طلحہ شیخ کی زیر سربراہی لائن سٹاف کیلیئے سیفٹی پریڈ کا انعقاد
14 شوکاز نوٹس برائے کارروائی
15 وزارت توانائی اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو ریجن میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے

# سیدنا بلالؓ کی رہائی

حضرت بلال حبشیؓ امیہ بن خلف حجمی کے غلام تھے۔حضرت بلال کے والد کا نام رباح اور والدہ کا نام حمامہ تھا اور وہ بھی امیہ کے غلام تھے۔امیہ بن خلف بہت دولت مند آدمی تھا اس کے کئی بیٹے اور بارہ غلام تھے۔لیکن وہ حضرت بلال کو سب سے زیادہ چاہتا تھا اور اس نے ان کو اپنے بت خانے کا نگران بنا رکھا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے جب حضرت بلالؓ کو ایمان کی دولت سے مالا مال کیا تو وہ بت خانے میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کیا کرتے۔دوسرے تمام لوگ بتوں کو سجدہ کرتے لیکن حضرت بلال اللہ تعالیٰ کی عبادت کیا کرتے تھے۔جب امیہ کو اس کی خبر ہوئی تو وہ غصے کی حالت میں آیا اور پوچھنے لگا کیا تم محمدؐ کے رب کو سجدہ کرتے ہو؟ حضرت بلال نے جواب دیا میں اس اللہ کو سجدہ کرتا ہوں جو ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔امیہ اس بات پر آگ بگولا ہو گیا اور آپ پر تشدد کرنے لگا۔

جب سورج نصف النہار پر آ جاتا اور گرمی کی تپش سے زمین تنور کی مانند گرم ہو جاتی تو حضرت بلال کو مکہ مکرمہ کے کھلے میدان میں لے جایا جاتا اور ننگا کر کے گرم تپتی ریت پر سخت دھوپ میں ہاتھ پاؤں باندھ کر ڈال دیا جاتا۔اور ایسے گرم پتھر کہ جن پر گوشت بھن جائے ان کے سینہ مبارک، پشت اور پہلو پر رکھے جاتے۔پھر جسم پر گرم گرم ریت ڈالی جاتی اور سخت تکلیف دی جاتی۔لیکن تمام تکالیف کے باوجود حضرت بلالؓ کی زبان مبارک پر احد احد کے الفاظ جاری ہوتے یعنی میں اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت کرتا ہوں۔کبھی آپ کو کانٹوں پر کھینچتے یہاں تک کہ کانٹے ان کے گوشت پوست میں سے گزرتے اور ان کی ہڈیوں کو لگتے مگر آپ احد احد پکارتے۔

ایک دفعہ امیہ بن خلف حضرت بلالؓ پر بے پناہ تشدد کر رہا تھا اور کہتا جاتا ''تو کہہ میں لات وعزیٰ پر ایمان لایا''۔حضرت بلال نے فرمایا ''میں لات اور عزیٰ سے بے زار ہوا''۔امیہ بن خلف غصے سے لال پیلا ہو گیا اور حضرت بلال کے سینہ پر بیٹھ کر آپ کا گلا گھونٹنے لگا۔یہاں تک کہ حضرت بلال بے حس وحرکت ہو گئے۔صبح سے لے کر شام تک آپ بے ہوش پڑے رہے۔اس کے بعد جب ہوش میں آئے تو امیہ بن خلف نے کہا ''کہو میں لات اور عزیٰ پر ایمان لایا''۔حضرت بلالؓ نے آسمان کی طرف اشارہ کیا اور پھر احد احد کہا۔

ایک روز حضرت بلالؓ کو سخت اذیت دی جا رہی تھی اور انہیں تپتے ہوئے پتھروں پر لٹایا ہوا تھا۔حضرت ابوبکر صدیقؓ اس طرف سے گزرے۔حضرت بلال کو اس حال میں دیکھا تو بے تاب ہو گئے اور ان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔حضرت ابوبکر نے حضرت بلال پر ہونے والے ظلم وتشدد کا ذکر حضورؐ سے کیا تو آپؐ کی چشم ہائے اطہر اشک بار ہو گئیں۔حضرت ابوبکر صدیقؓ نے دیکھا تو امیہ سے فرمایا ''اے امیہ! اس غلام کو عذاب دینے سے تیرا کون سا کام درست ہوتا ہے؟ اللہ سے ڈر اور اس سے اپنا ہاتھ روک لے''۔امیہ کہنے لگا ''میرا غلام ہے جسے میں نے اپنا مال دے کر خریدا ہے مجھے اس کو سزا دینے کا حق حاصل ہے''۔آپؓ نے فرمایا ''وہ شخص جو کہتا ہے کہ اللہ ایک ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں تو اس کو تکلیف دیتا ہے یہ کس قدر ظلم ہے جو تو اس پر روا رکھے ہوئے ہے''۔

امیہ کہنے لگا ''اے ابو قحافہ کے بیٹے! تم نے ہی اسے نقصان کے راستے پر ڈالا ہے اور بتوں کی عبادت سے روکا ہے۔اور محمدؐ کے دین کی ترغیب دی ہے۔اب اسے اس مصیبت سے تم ہی چھڑاؤ۔اگر تمہارے دل میں اس کے لیے رحم ہے تو اسے مجھ سے خرید لو''۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اس موقع کو غنیمت جانا اور فرمایا کہ میں حضرت بلال کے بدلے تمہیں ایک سفید نصرانی غلام اور دس اوقیہ سونا دیتا ہوں۔امیہ نے منظور کر لیا اور پھر وہ ہنسنے لگا۔حضرت ابوبکر صدیقؓ نے پوچھا تو کیوں ہنستا ہے؟ کہنے لگا رب کعبہ کی قسم تو نے بہت نقصان اٹھایا۔اگر تو مجھ سے اسے ایک درہم میں بھی خریدتا تو میں اسے بیچ دیتا۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا اللہ پاک کی قسم! میں نے بہت ہی اعلیٰ سودا کیا ہے اگر تو مجھ سے اس ایک غلام کے بدلے میں میرا تمام مال طلب کرتا تو میں دے دیتا۔

یہ سن کر امیہ خاموش ہو گیا۔حضرت صدیق اکبرؓ نے حضرت بلالؓ کا ہاتھ پکڑا اور اپنی چادر مبارک سے ان کے جسم مبارک پر لگے ہوئے گرد وغبار کو جھاڑا۔اور نیا لباس پہنا کر حضورؐ کی خدمت اقدس میں لے گئے اور فرمایا ''یا رسول اللہؐ گواہ رہیے کہ میں نے بلال کو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے آزاد کر دیا ہے''۔

# فیسکو کی اولین ترجیح صنعتی صارفین ہیں

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

صنعتوں کے لئے زیرو لوڈ مینجمنٹ ہے تاکہ صنعتی ترقی کا پہیہ رواں دواں ہو اور ملک ترقی کرے

صنعتیں ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں اور ملکی ترقی و روزگار فراہم کرنے کا سبب ہیں

فیسکو صارفین کو اچھی سروس کی فراہمی اور بہترین ریکوری کی بدولت تمام ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں پہلے نمبر پر ہے

فیسکو ہوزری کی صنعت سے متعلقہ بجلی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہی ہے    چیئر مین میاں فرخ اقبال

## چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے دورہ کے موقع پر خطاب




فیسکو کی اولین ترجیح صنعتی صارفین ہیں چونکہ صنعتیں ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں اور ملکی ترقی وروزگار فراہم کرنے کا سبب ہیں۔ صنعتوں کے لئے زیرو لوڈ مینجمنٹ ہے تاکہ صنعتی ترقی کا پہیہ رواں دواں ہو اور ملک ترقی کرے یہ باتیں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے پاکستان ہوزری مینوفیکچرز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے دورہ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہیں۔

چیئر مین پی ایچ ایم اے میاں فرخ اقبال چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کو پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے دورہ کے موقع پر یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

انھوں نے مزید کہا کہ ایسوسی ایشن کے بجلی سے متعلقہ شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے تاکہ ہوزری مینوفیکچرنگ کیلئے مسلسل بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کی انتھک کوششوں کی وجہ سے مستقبل قریب میں عوامی کو بجلی بلوں میں ریلیف ملنا شروع ہو جائے گا جبکہ 200 یونٹس والے گھریلو صارفین کو پہلے ہی بلوں میں ریلیف مل رہا ہے۔ انھوں کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ ملک میں بجلی وافر مقدار میں موجود ہے اور عوام کو لوڈ شیڈنگ کی تکالیف سے تقریباً نجات حاصل ہوگئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ فیسکو ملک کی ممتاز ترین کمپنی ہے اور صارفین کو اچھی سروس کی فراہمی اور بہترین ریکوری کی بدولت تمام ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں پہلے نمبر پر ہے جو کہ اس کے ملازمین کی شبانہ روز کوششوں اور صارفین کے تعاون کا نتیجہ ہے۔ قبل ازیں چیئر مین پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن میاں فرخ اقبال نے انھیں خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر انھوں نے فیسکو کی مجموعی کارکردگی پر اظہار اطمینان کیا اور کہا کہ فیسکو پہلے ہی ہوزری کی صنعت سے متعلقہ بجلی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہی ہے۔ اس موقع پر انھوں نے چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر سے ہوزری ایسوسی ایشن کیلئے علیحدہ فوکل پرسن نامزد کرنے کا

مطالبہ کیا جس پر چیف ایگزیکٹوفیسکو نے جلد ہی ایسوسی ایشن کیلیے فوکل پرسن بنانے کا اعلان کیا۔اس موقع پر جنرل منیجر ٹیکنیکل فیسکو عامر محبوب الٰہی، جنرل منیجر (کسٹمر سروسز) فیسکو راؤ مبشر حیات، جنرل منیجر (آپریشن) عمر حیات گوندل، کمپنی سیکرٹری عابد رشید، گروپ لیڈر ہوزری ایسوسی ایشن حاجی سلامت، سابق چیئر مین کاشف ضیاء، سابق ایگزیکٹو ممبر حافظ راشد اور دیگر ممبران بھی موجود تھے۔تقریب کے اختتام پر چیئر مین پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن میاں فرخ اقبال نے چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینیر محمد عامر کو ایسوسی ایشن کی جانب یادگاری شیلڈ پیش کی۔



چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینیر محمد عامر پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے دورہ کے موقع پر اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

## فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) میں ایڈوانس میٹرنگ انفراسٹرکچر (AMI) کی تنصیب جاری ہے

### فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں 11327 اے ایم آئی میٹرز کی تنصیب کردی گئی ہے

### تمام زرعی اور انڈسٹریل میٹروں کی جگہ جدید اور دور حاضر کے تقاضوں کے مطابق ایڈوانس میٹرنگ انفراسٹرکچر میٹرز نصب کیئے جائیں گے

چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینئر محمد عامر نے کہا ہے کہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) میں ایڈوانس میٹرنگ انفراسٹرکچر (AMI) کی تنصیب جاری ہے۔فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں 11327 اے ایم آئی میٹرز کی تنصیب کردی گئی ہے جبکہ موجودہ پلان کے تحت کل 16 ہزار 66 میٹرز لگائے جائیں گے۔فیسکو ریجن میں تمام زرعی اور انڈسٹریل بجلی کے پرانے میٹروں کی جگہ جدید اور دور حاضر کے تقاضوں کے مطابق ایڈوانس میٹرنگ انفراسٹرکچر (AMI) میٹرز کی تنصیب کا عمل تیزی سے جاری ہے اور اب تک 11 ہزار 327 میٹرز نصب کیئے جا چکے ہیں۔15 کلوواٹ سے 40 کلوواٹ تک کے لوڈ پر مشتمل 10 ہزار 326 تھری فیز ہول کرنٹ میٹر لگا دیئے گئے ہیں۔41 کلوواٹ سے 500 کلوواٹ تک کے لوڈ پر مشتمل 697 ایل ٹی سی ٹی میٹر لگادیئے گئے ہیں جبکہ 500 کلوواٹ سے زائد لوڈ پر مشتمل 304 ایچ ٹی سی ٹی میٹر لگائے گئے ہیں۔جلد ہی فیسکو کے تمام اضلاع میں انڈسٹریل ٹیرف کے حامل ایم ڈی آئی میٹرز اور ہائی لاسز فیڈرز پر نصب تمام پرانے بجلی میٹروں کو AMI میٹرز سے تبدیل کردیا جائے گا جس کے باعث بجلی کی بلاتعطل فراہمی اور لائن لاسز میں نمایاں کمی واقع ہوگئی۔اے ایم آئی میٹرز کی تنصیب یقینی طور پر خودکار سو فیصد درست اور بروقت میٹر ریڈنگ بجلی چوری پر قابو پانے اور بجلی کی طلب و رسد کا درست تعین کرنے میں معاون اور مددگار ثابت ہوگی۔علاوہ ازیں بجلی کے استعمال پر کنٹرول، ریکوری میں اضافے اور میٹر میں آنے والے فالٹ کی خودکار طریقے سے متعلقہ دفتر کو آگاہی ممکن ہوگی۔صارفین کو اے ایم آئی میٹر کے بارے میں درست معلومات فراہم کرنے کے لئے فیسکو کی جانب سے مختلف فورمز پر آگاہی مہم بھی شروع کی ہے اس منصوبے کی تکمیل یقینی طور پر پاکستان کے پاور سیکٹر میں ایک انقلابی اور مثبت تبدیلی لائے گی۔تاہم اس منصوبے کی جلد کامیابی اور فوائد سے مستفید ہونے کے لیئے فیسکو انتظامیہ کو صارفین کی طرف سے مکمل تعاون درکار ہے۔

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

# فیسکو نے ہمیشہ کھیلوں اور کھلاڑیوں کی سرپرستی کی ہے

**ہمارے کھلاڑی نہ صرف قومی مقابلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی کامیابیاں سمیٹ رہے ہیں**

**رسہ کشی ٹیم کے کھلاڑی اسی جیت کے جذبے اور لگن کے ساتھ بہترین کھیل کا مظاہرہ کرکے فیسکو اور ملک کا نام روشن کریں گے**

**چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا ورلڈ نومڈ گیمز میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی رسہ کشی ٹیم کے کھلاڑیوں سے فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات**

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے فیسکو رسہ کشی ٹیم کے کھلاڑیوں کو پانچویں ورلڈ نومڈ گیمز میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر مبارکباد دی ہے اور کہا کہ فیسکو نے ہمیشہ کھیلوں اور کھلاڑیوں کی سرپرستی کی ہے اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ کھیلوں کے فروغ کیلئے فیسکو اپنے کردار کو جاری رکھے گا۔ یہ باتیں انھوں نے فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں فیسکو رسہ کشی ٹیم کے کھلاڑیوں سے ملاقات کے دوران کہیں۔ جنہوں نے صدر فیسکو سپورٹس ایسوسی ایشن فرخ آفتاب اور جنرل سیکرٹری رانا افضل کے ہمراہ ان سے ملاقات کی۔ انھوں نے مزید کہا کہ ہم سب کیلئے یہ بات خوشی کا باعث ہے کہ ہمارے کھلاڑی نہ صرف قومی مقابلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں بلکہ بین الاقوامی مقابلوں میں بھی پاکستان کیلئے کامیابیاں حاصل کررہے ہیں اور ملک وقوم کا نام روشن کررہے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ رسہ کشی ٹیم کے کھلاڑی اسی طرح مستقبل میں جیت کے جذبے اور لگن کے ساتھ بہترین کھیل کا مظاہرہ کرکے فیسکو اور ملک کا نام روشن کریں گے۔ پانچویں نومڈ گیمز قازقستان کے دارالحکومت استانہ میں منعقد ہوئیں جس میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستانی رسہ کشی ٹیم نے براؤنز میڈل جیتا۔ رسہ کشی کے مقابلوں میں قازقستان، برطانیہ، ازبکستان، پاکستان، کرغستان اور روس کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ اس ٹیم میں فیسکو کے پانچ کھلاڑیوں ساجد علی، عمران ارشد، محمد رضا عباس، کلیم اللہ اور محمد شاہد نے کوچ محمد یاسین کے ہمراہ حصہ لیا۔ ملاقات میں کمپنی سیکرٹری عابد رشید اور مینجر رسہ کشی ٹیم سعید رضا بھی موجود تھے۔




پانچویں ورلڈ نومڈ گیمز میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی فیسکو کی رسہ کشی ٹیم کے کھلاڑیوں کا چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کے ہمراہ گروپ فوٹو

# وکلاء کے بجلی سے متعلقہ تمام مسائل کے ازالے کو یقینی بنایا جائے گا

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

**انصاف کے توازن کو برقرار رکھنے اور غریب طبقے کو انصاف کے حصول میں معاونت کیلئے بار ایسوسی ایشن اور وکلاء کا کلیدی کردار ہے**

**لائرز ہاؤسنگ سوسائٹی فیزٹو میں بجلی کی جلد فراہمی کیلئے ڈیمانڈ نوٹس جاری کر دیا گیا ہے یوں ان کا دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا ہے**

**لائیرز ہاؤسنگ سوسائٹی میں تمام اداروں کی کلئیرنس کے بعد فیسکو نے بجلی کی منظوری دے کر ڈیمانڈ نوٹس بار ایسوسی ایشن کے حوالے کر دیا**

**چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب میں عہدیداران اور وکلاء سوسائٹی سے خطاب**



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن میں لائیرز ہاؤسنگ سوسائٹی فیزٹو میں بجلی کی منظوری کی فائل اور ڈیمانڈ نوٹس صدر ہاؤسنگ سوسائٹی ندیم احمد سلیمی اور صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن میاں انوار الحق کو دے رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے کہا ہے کہ معاشرے میں انصاف کے توازن کو برقرار رکھنے اور غریب طبقے کو انصاف کے حصول میں معاونت کیلئے بار ایسوسی ایشن اور وکلاء کا کلیدی کردار ہے جس کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ وکلاء کے بجلی سے متعلقہ تمام مسائل کے ازالے کو یقینی بنایا جائے گا اور ان کی رہائشی کالونیوں میں بجلی کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کو بھی فوری دور کیا جائے گا ۔ یہ باتیں انہوں نے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب کے دوران کہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ لائرز ہاؤسنگ سوسائٹی فیزٹو میں بجلی کی جلد فراہمی کیلئے ڈیمانڈ نوٹس جاری کر دیا گیا ہے یوں ان کا دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ لائیرز ہاؤسنگ سوسائٹی میں مختلف مسائل اور محکموں سے این او سی کی فراہمی کیلئے طویل عرصہ لگا جبکہ تمام اداروں کی جانب سے کلئیرنس کے بعد فیسکو کی طرف سے بجلی کی منظوری دے دی گئی اور ڈیمانڈ نوٹس بھی بار ایسوسی ایشن کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن میاں انوار الحق، صدر ہاؤسنگ سوسائٹی ندیم سلیمی، سیکرٹری بار رانا مرتضٰی حکیم اور سابق ایم پی اے شیخ اعجاز احمد نے کہا کہ چک نمبر 208 ر۔ب میں لائرز ہاؤسنگ سوسائٹی فیزٹو میں بجلی منظوری ایک دیرینہ مسئلہ تھا جسے چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے حل کر دیا جس کیلئے ان کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ فیزٹو ایک اہم منصوبہ ہے جو کہ بجلی کی عدم دستیابی کی وجہ سے ویران پڑا تھا۔ فیسکو کے تعاون سے اب فیزٹو کی رونقیں بحال ہو جائیں گی اور وکلاء برادری کے رہائشی مسائل کم ہوں گے ۔تقریب کے اختتام پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے فیزٹو کا ڈیمانڈ نوٹس اور بجلی منظوری کی فائل صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن میاں انوار الحق اور وکلاء ہاؤسنگ سوسائٹی کے ممبران کے حوالے کی۔

# حضور اکرمؐ تمام جہانوں کیلئے رحمت اللعالمین بن کر آئے

چیف انجینئر آپریشن
محمد سعید

## سرکار دو عالم حضرت محمدؐ کا اخلاق حسنہ اور تعلیمات رہتی دنیا تک مینارہ منبع رشد و ہدایت اور مشعل راہ ہیں

## حضور اکرمؐ کی سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہو کر ہم دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں ایس ای ٹی ایس فیصل شفیع رانا

## فیسکو ٹیکنیکل سروسز کی طرف سے منعقدہ سالانہ محفل میلاد سے چیف انجینئر آپریشن محمد سعید، فیصل شفیع رانا اور دیگر مقررین کا خطاب

چیف انجینئر آپریشن محمد سعید نے کہا ہے کہ حضورؐ تمام جہانوں کیلئے رحمت اللعالمین بن کر آئے اور آپ کی ذات اقدس تمام جہانوں کیلئے رحمت ہے۔ سرکار دو عالم حضرت محمدؐ کا اخلاق حسنہ اور تعلیمات رہتی دنیا تک مینارہ منبع رشد و ہدایت اور مشعل راہ ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ جشن عید میلاد النبی کی محافل و اجتماعات میں اقدار اسلام پر چلنے کا عہد کیا جائے اور کتاب اللہ اور سنت رسول سے پیوستہ رہ کر زندگی بسر کی جائے کیونکہ یہ امر قرب الٰہی کا بہترین ذریعہ ہے۔ وہ ربیع الاول کے حوالے سے منعقدہ سالانہ محفل میلاد سے خطاب کر رہے تھے جس کا اہتمام سپرنٹنڈنگ انجینئر ٹیکنیکل سروسز فیصل شفیع رانا اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایم اینڈ ٹی فرسٹ سرکل محمد سعید رضا کی طرف سے کیا گیا تھا۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنگ انجینئر ٹیکنیکل سروسز فیصل شفیع رانا نے اپنے خطاب میں کہا کہ حضورؐ کی عقیدت و محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے آپ کی ذات بھی سب سے افضل و اعلیٰ اور بات بھی سب سے اعلیٰ و افضل ہے۔ حضور کا



چیف انجینئر آپریشن محمد سعید، ایس ای ٹی ایس فیصل شفیع رانا، ڈپٹی ڈائریکٹر ایم اینڈ ٹی سعید رضا اور دیگر مقررین محفل میلاد مصطفیؐ میں گلہائے عقیدت پیش کر رہے ہیں

اسوہ حسنہ امت مسلمہ ہی نہیں بلکہ پوری انسانیت کے لئے مشعل راہ ہے آپ کی سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہو کر ہم دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ حضور اکرمؐ کی پیدائش سے لیکر وصال تک اللہ نے آپ کی حیات طیبہ کے ہر پہلو کو اپنی نگرانی میں استوار کیا تاکہ آنے والے کسی بھی دور میں کسی بھی قسم کا کوئی فرد آپ کی سیرت طیبہ پر کوئی انگلی نہ اٹھا سکے۔ آج نبی کریم کی پیدائش کی خوشیاں منانے کے ساتھ ساتھ امت کے ہر فرد کو آپ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ حضورؐ کی زندگی ہمارے لئے ایک عملی اور بے مثل نمونہ ہے جس پر عمل پیرا ہو کر زندگی کے تمام مسائل سے نجات مل سکتی ہے۔ دنیا و آخرت کی کامیابی دین اسلام اور سنت رسول میں مضمر ہے۔ قبل ازیں حافظ رضوان نے تلاوت قرآن پاک سے محفل کا آغاز کیا جبکہ قاری سلطان محمود عطاری اور محمد ناصر قادری نے حضور پاک کی شان اقدس میں گلہائے عقیدت پیش کیا۔ قاری محمد صابر نے حضور پاک کی تعلیمات اور اسوہ حسنہ سے متعلق تفصیلی بیان پیش کیا اور ملک و ملت کی سلامتی، فیسکو کی ترقی اور شہدائے فیسکو کیلئے بھی دعا مانگی گئی۔ محفل میلاد مصطفیؐ میں چیف انجینئر رانا محمد افضل، ڈائریکٹر او ڈی محمود احمد، ڈائریکٹر سول ورکس شکیل حیدر لک، ڈائریکٹر میٹریل مینجمنٹ احمد علی شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر ایم ایم فرحان علی خان، زوہیب الرحمان، ڈپٹی ڈائریکٹر ایم ایم ڈسپوزل محمد عثمان اور فیسکو ملازمین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

SAFETY FIRST

# حادثات کی شرح کو مزید کم کرنے کیلئے سیفٹی فرسٹ کے اصول کو اپنائیں

ایس ای آپریشن جھنگ
مدثر علی شیخ

## سیفٹی قواعد وضوابط پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنی اور عوام الناس کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنا سکتے ہیں

## بجلی کا تسلسل قائم رکھنا اگرچہ ہماری پیشہ ورانہ ذمہ داری ہے مگر انسانی جان کی حفاظت ہمارا دینی فریضہ اور خاندان کی ضرورت ہے

### سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ کا سٹی سب ڈویژن فیسکو جھنگ میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب

لائن سٹاف سیفٹی فرسٹ کے اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کریں تاکہ فیسکو ریجن میں حادثات کی شرح کو مزید کم کیا جا سکے۔ سیفٹی قواعد وضوابط پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنی اور عوام الناس کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنا سکتے ہیں۔ یہ باتیں سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ نے سٹی سب ڈویژن فیسکو جھنگ میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بجلی کا تسلسل قائم رکھنا اگرچہ ہماری پیشہ ورانہ ذمہ داری ہے مگر انسانی جان کی حفاظت ہمارا دینی فریضہ اور خاندان کی ضرورت ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر ہر سال خطیر رقم سے لائن سٹاف کیلئے حفاظتی ٹی اینڈ پی، یونیفارم اور دیگر آلات کی خریداری کی جاتی ہے تاکہ لائن سٹاف کو درپیش مسائل پر قابو پایا جائے۔ اس موقع پر ٹیکنیکل آفیسر جھنگ سرکل ملک مرید حسین، ایکسین فرسٹ ڈویژن جھنگ راؤ انعام الحق، ایس ڈی او سٹی سب ڈویژن انجینئر نوشین افضل، ایس ڈی او صدر سب ڈویژن انجینئر اسامہ، ایس ڈی او مگھیانہ سب ڈویژن محمد عقیل خان، ٹی او سیکنڈ ڈویژن جھنگ فیصل عمران اور سیفٹی انسپکٹر عدیل خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہمیشہ لائنوں پر کام کے دوران مکمل اور معیاری ٹی اینڈ پی کا استعمال لازمی کریں اور حفاظتی آلات اور اقدامات کے بغیر کام ہرگز نہ کریں۔ انہوں نے لائن سٹاف کو (PTW) اور ارتھنگ کیے بغیر ایل ٹی یا ایچ ٹی لائن پر کام نہ کرنے کی ہدایت بھی کی اور مزید کہا کہ کبھی بھی حد سے زیادہ خود اعتمادی اور غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہ کریں اور اپنی جان کی حفاظت کو یقینی بناتے ہوئے کام کو سرانجام دیں۔ سیفٹی سیمینار کے اختتام پر ٹی اینڈ پی پریڈ کا انعقاد کیا گیا اور ایس ای مدثر علی شیخ نے اور سٹاف کے حفاظتی آلات اور ٹی اینڈ پی کی چیکنگ کی گئی۔ سیفٹی سیمینار میں زونل چیئرمین جھنگ سرکل قاضی نعیم عباس، لائن سپرنٹنڈنٹ اعجاز حسین ظفر، شہریار، مزمل، محمد محسن، یاسر عرفات، زونل سیکرٹری جھنگ سرکل حافظ عبدالقیوم اور سٹی، صدر اور مگھیانہ سب ڈویژن کے لائن سٹاف کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔



سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ اور دیگر مقررین سٹی سب ڈویژن فیسکو جھنگ میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

## فیسکو شعبہ کنسٹرکشن: فیسکو ریجن میں 255.981 ملین سے زائد کی لاگت سے مختلف منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا

## فیسکو ریجن میں 67.549 ملین کی لاگت سے 4 ایچ ٹی اور 87.359 ملین کی لاگت سے 62 ایل ٹی پر پوزلز مکمل کی گئیں

## ماہ اگست میں 101.073 ملین سے زائد کی لاگت سے 62 دیہاتوں میں بجلی کی فراہمی عمل میں لائی گئی

## 6 نئے فیڈرز 48.247 ملین روپے کی لاگت سے مکمل، فیسکو کو 2.171 ملین کلوواٹ آور کی بچت ہوگی

### ریجن میں جاری سکیموں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے تاکہ صارفین کو ریلیف ملے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



فیسکو شعبہ کنسٹرکشن کی طرف سے ماہ اگست میں ریجن بھر میں 255.981 ملین سے زائد کی لاگت سے مختلف منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا۔ ماہ اگست میں 101.073 ملین سے زائد کی لاگت سے 62 دیہات میں بجلی کی فراہمی عمل میں لائی گئی جبکہ 67.549 ملین کی لاگت سے 4 ایچ ٹی اور 87.359 ملین کی لاگت سے 62 ایل ٹی پر پوزلز مکمل کی گئیں۔ فیسکو کنسٹرکشن ڈائریکٹوریٹ نے ماہ اگست میں فیصل آباد، جھنگ، سرگودھا اور میانوالی سرکلز کے آٹھ اضلاع فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ، میانوالی، سرگودھا، بھکر اور خوشاب میں 62 نئے دیہات روشن کرنے کے علاوہ 67 ایل ٹی پروپوزلز اور 4 فیڈروں کی تکمیل کر لی ہے جن پر 255.981 ملین روپے لاگت آئی ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کی ہدایت پر پی ڈی کنسٹرکشن محمد اقبال جاوید کی زیر نگرانی 32.798 ملین کی لاگت سے فیصل آباد میں 27 ایل ٹی پروپوزلز، 18.518 ملین کی لاگت سے جھنگ میں 13، 20.555 ملین کی لاگت سے سرگودھا میں 15 جبکہ 15.488 ملین کی لاگت سے میانوالی میں 12 ایل ٹی پروپوزلز کو مکمل کیا۔ اسی طرح 21.917 ملین کی لاگت سے فیصل آباد میں 15 نئے دیہات، 21.308 ملین کی لاگت سے جھنگ میں 13، 30.462 ملین روپے کی لاگت سے سرگودھا میں 19 جبکہ میانوالی میں 27.386 ملین روپے کی لاگت سے 15 ایچ ٹی پروپوزل مکمل کی گئی ہے۔ اسی طرح 47.408 ملین روپے کی لاگت سے فیصل آباد میں دو ایچ ٹی پروپوزلز، 3.018 ملین کی لاگت سے جھنگ میں ایک جبکہ 17.123 ملین کی لاگت سے سرگودھا میں ایک ایچ ٹی پروپوزلز مکمل کی گئی۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے شعبہ کنسٹرکشن کی کارکردگی کو سراہا ہے اور انہیں ہدایت کی ہے کہ وہ مزید جاری سکیموں کو بھی اسی جذبہ سے پایہ تکمیل تک پہنچائیں تاکہ ریجن بھر کے صارفین کو زیادہ سے زیادہ ریلیف ملے۔ علاوہ ازیں شعبہ کنسٹرکشن نے فیصل آباد، سرگودھا اور جھنگ کے اضلاع میں ماہ جولائی اور اگست کے دوران 6 نئے فیڈرز کو 48.247 ملین روپے کی لاگت سے مکمل کر لیا ہے اس سے فیسکو کو 2.171 ملین کلوواٹ آور کی بچت ہوگی۔ اس سلسلے میں شعبہ کنسٹرکشن نے پراجیکٹ ڈائریکٹر محمد اقبال جاوید کی زیر نگرانی فیصل آباد میں 55.428 ملین روپے سے فیڈ مک، بہادرے والا اور اڑکانہ فیڈر سرگودھا میں 67.284 ملین روپے کی لاگت سے منگوال اور (فاروقہ، غزنی اور ککڑنی) فیڈر جبکہ 3.018 ملین کی لاگت سے جھنگ میں رشید پور فیڈر مکمل کر لئے گئے ہیں۔ ان نئے فیڈرز کی تکمیل سے نئے کنکشنز بجلی کا تیزی سے اجرا ہو سکے گا اور فیسکو کو لاسز میں کمی سے کثیر سرمایہ کی بچت ہو گی اور صارفین کو کوالٹی سروس مہیا ہوگی۔

## چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات: آپریشن سرکلز میں سالانہ مینٹی نینس شیڈول جاری کر دیا گیا

### الیون کے وی ڈسٹری بیوشن سسٹم اور گرڈ سٹیشنز پر دیکھ بھال کے کام کیلئے سٹاف کو ضروری سامان اور ہدایات جاری

### ٹرانسفارمرز اور ٹرانسمیشن لائنز کی مینٹی نینس کیلئے درختوں کی کٹائی اور کانٹ چھانٹ، تاروں کی تبدیلی، گرڈ سٹیشنز پر سرکٹ بریکر کی ٹیسٹنگ اور ٹاورز پر ڈسک کی صفائی اور تبدیلی کی جائے گی

### مینٹی نینس پروگرام سے صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی ممکن بنانے میں بہت مدد ملے گی اور سسٹم بھی اپ گریڈ ہوگا

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے تمام آپریشن سرکلز میں سالانہ مینٹی نینس شیڈول جاری کر دیا ہے۔ الیون کے وی ڈسٹری بیوشن سسٹم اور گرڈ سٹیشنز پر دیکھ بھال کے کام کیلئے سٹاف کو ضروری سامان اور ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ ٹرانسفارمرز اور ٹرانسمیشن لائنز کی مینٹی نینس کیلئے درختوں کی کٹائی اور کانٹ چھانٹ، تاروں کی تبدیلی، گرڈ سٹیشنز پر سرکٹ بریکر کی ٹیسٹنگ اور ٹاورز پر ڈسک کی صفائی اور تبدیلی کی جائے گی جبکہ دوران کام مختلف فیڈرز کو مختلف دورانیے کیلئے شٹ ڈاؤن بھی کیا جائے گا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایات پر فیلڈ سٹاف نے مختلف فیڈرز کی پیٹرولنگ کی تھی اور کام کی



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر فیسکو سٹاف سالانہ مینٹی نینس پروگرام کے تحت مختلف فیڈروں پر درختوں کی کانٹ چھانٹ کر رہا ہے

نوعیت کا تعین کر لیا گیا تھا۔ اب موسم بہتر ہوتے ہی شیڈول مرتب کر کے سالانہ مینٹی نینس شروع کر دی گئی ہے۔ چیف ایگزیکٹو نے سٹاف کو سیفٹی فرسٹ کے اصولوں کو مدنظر رکھ کر اور مکمل حفاظتی اقدامات کر کے کام کرنے کی ہدایات دی ہیں اور کہا کہ شیڈول کے مطابق کام کرنے کے بعد صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی ممکن بنانے میں بہت مدد ملے گی اور سسٹم بھی اپ گریڈ ہوگا۔ انہوں نے سٹاف کو ہدایت کی ہے کہ صارفین کو بجلی کی بلاتعطل سپلائی میں حائل رکاوٹوں کو دور کیا جائے تا کہ ان کو چوبیس گھنٹے بجلی کی ترسیل جاری رکھی جا سکے۔ اس سلسلے میں چیف انجنیئر آپریشن محمد سعید نے اپنی سربراہی میں بجلی کی سپلائی میں رکاوٹ اور ٹرپنگ کا باعث بننے والے درختوں کی کٹائی اور کانٹ چھانٹ کا عمل شروع کروا دیا ہے۔ انہوں نے سٹاف کو ہدایت کی کہ وہ کسی بھی صورت میں احتیاطی تدابیر اور مناسب ٹی اینڈ پی کے بغیر کام نہ کریں اور اپنی جان کی حفاظت کو مقدم جانیں۔

# فیسکو کی نادہندگان کے خلاف ریکوری مہم بھرپور طریقے سے جاری ہے

**ہفتہ اتوار کی چھٹی کے باوجود فیسکو کے تمام آپریشن اور ریونیو دفاتر کھلے رہے اور نادہندگان سے زیادہ سے زیادہ ریکوری کو یقینی بنایا گیا**

**ایس ایز کی زیرنگرانی ایکسئین اور ایس ڈی اوز نے ٹیموں کے ہمراہ گھر گھر جا کر چیکنگ کی اور فیلڈ میں نادہندگان سے واجبات کی وصولی کی**

**گھریلو، زرعی اور تجارتی صارفین کے علاوہ فیسکو کے مستقل نادہندگان کے گھروں، فیکٹریوں اور دوکانوں کے ذمہ واجبات کو بھی چیک کیا گیا**

**صارفین اپنے ذمہ واجب الادا بجلی بلوں کو جلد از جلد جمع کروائیں، واجبات کی عدم ادائیگی پر بجلی کنکشن کاٹ دیئے جائیں گے**

وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کے احکامات کی روشنی میں فیسکو کی نادہندگان کے خلاف ریکوری مہم بھرپور طریقے سے جاری ہے۔فیسکو کی ڈیفالٹرز کے خلاف خصوصی ریکوری مہم ہفتہ اتوار کو چھٹی کے روز بھی جاری رہی۔سرکاری چھٹی کے باوجود فیسکو کے تمام آپریشن اور ریونیو دفاتر کھلے رہے اور فیسکو کے نادہندگان سے زیادہ سے زیادہ ریکوری کو یقینی بنایا گیا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو کے تمام آپریشن سرکلز کے سپرنٹنڈنگ انجینئرز کی زیرنگرانی ایکسئین اور ایس ڈی اوز نے خصوصی ریکوری ٹیموں کے ہمراہ گھر گھر جا کر چیکنگ کی اور فیلڈ میں نادہندگان سے واجبات کی وصولی میں مصروف عمل رہے۔فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع



فیسکو کی نادہندگان کے خلاف خصوصی مہم کے دوران ریکوری ٹیمیں ریجن بھر کے مختلف علاقوں میں صارفین کے ذمہ واجبات کی ادائیگی کی چیکنگ کر رہی ہیں

میں ٹیموں نے گھریلو، زرعی اور تجارتی صارفین کے بلوں کی ادائیگی کی چیکنگ کی جبکہ فیسکو کے مستقل نادہندگان کے گھروں، فیکٹریوں اور دوکانوں کے ذمہ واجبات کو بھی چیک کیا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے فیسکو کے نادہندگان کو خبردار کیا ہے کہ اپنے ذمہ واجب الادا بجلی بلوں کو جلد از جلد جمع کروائیں، واجبات کی عدم ادائیگی پر بجلی کنکشن کاٹ دیئے جائیں گے۔انہوں نے آپریشن اور ریکوری سٹاف کو بھی ہدایت کی ہے کہ نادہندگان کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے اور یہ بھی چیک کیا جائے کہ بجلی کاٹنے کے بعد ڈیفالٹرز نے ہمسایوں یا کسی اور ذرائع سے بجلی تو حاصل نہیں کر رکھی۔ایسی صورت حال میں ان کے سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائی کی جائے۔فیسکو کے نادہندگان کے خلاف مہم روزانہ کی بنیادوں پر جاری رہے گی اور ان سے مکمل وصولیوں کو یقینی بنایا جائے گا۔

## قارئین فیسکو نیوز کی خصوصی توجہ کیلئے

تمام فیسکو افسران اور ملازمین کے لئے ''فیسکو نیوز'' کے صفحات حاضر ہیں، وہ اپنی تجاویز، آراء، مضامین اور اپنے اپنے شعبوں میں ہونے والی مختلف سرگرمیوں پر مبنی تحریریں، تصاویر ہمیں بھجوا سکتے ہیں، انہیں شکریہ کے ساتھ شامل اشاعت کیا جائے گا، اپنی تحریریں ہر ماہ کی 25 تاریخ تک ہمیں درج ذیل پتہ پر بذریعہ ڈاک، ای میل اور واٹس ایپ کے ذریعے بھجوائیں

ایڈیشنل ڈی جی (پبلک ریلیشنز) فیسکو ہیڈکوارٹرز کینال روڈ فیصل آباد

Ph: 0419220282, Whatsapp: 0345-1500680, Email: fescopr@gmail.com

SAFETY FIRST

# گارڈن کالونی سب ڈویژن فیسکو میں سیفٹی پریڈ کا انعقاد

**ایس ڈی او محمد طلحہ شیخ نے لائن سٹاف کے حفاظتی آلات، سیفٹی بوٹ، سیفٹی گلوز (دستانے)، بیلٹ، سیفٹی راڈ وغیرہ چیک کیے**

**لائن سٹاف کو مکمل ٹی اینڈ پی اور سیفٹی فرسٹ کے اصول کے تحت تمام حفاظتی اقدامات کو مکمل کرنے کے بعد کام کرنے کی ہدایت**



ایس ڈی او فیسکو گارڈن کالونی سب ڈویژن محمد طلحہ شیخ نے سب ڈویژن میں سیفٹی پریڈ منعقد کی۔ انھوں نے لائن سٹاف کے حفاظتی آلات، سیفٹی بوٹ، سیفٹی گلوز (دستانے)، بیلٹ، سیفٹی راڈ وغیرہ چیک کیے اور سٹاف کو سیفٹی کے حوالے سے کمپنی کے ایس او پی اور حفاظتی اقدام سے آگاہ کیا اور ان سے حلف لیا کہ وہ سیفٹی فرسٹ کے اصول کے تحت تمام حفاظتی اقدامات کو مکمل کرنے کے بعد چالو لائنوں پر کام کریں کیونکہ لائن سٹاف کمپنی کا قیمتی اثاثہ ہیں ان کی جان کی حفاظت مقدم ہے۔ انھوں نے کہا

ایس ڈی او فیسکو گارڈن کالونی سب ڈویژن محمد طلحہ شیخ اور سیفٹی انسپکٹر محمد امجد سیفٹی پریڈ کے موقع پر حفاظتی آلات کی چیکنگ اور لائن سٹاف کو ٹی اینڈ پی دے رہے ہیں

کہ کوئی بھی عملی یا ہنگامی صورت حال کبھی کسی کی زندگی کو خطرے میں ڈالنے کا جواز پیش نہیں کر سکتی۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں سیفٹی کو اپنی سوچ میں شامل کرنے ضرورت ہے چالو لائنوں پر کام کرتے ہوئے تمام حفاظتی اقدامات کو پورا کریں۔ سیفٹی انسپکٹر سیکنڈ سرکل محمد امجد نے لائن سٹاف کو ہدایت کی کہ وہ لائن پر کام کرنے سے پہلے کام کرنے والی جگہ پر دونوں اطراف سے لائن کو ارتھ کریں۔ بغیر اختیار اور پی ٹی ڈبلیو (PTW) کے کام نہ کریں۔ کام شروع کرنے سے پہلے کام کی نوعیت، طریقہ کار اور حفاظتی اقدامات پر ایک دفعہ پھر غور کر لیں تا کہ کسی بھی قسم کے مہلک اور غیر مہلک حادثہ سے بچا جا سکے۔ ٹی اینڈ پی پریڈ میں لائن سٹاف کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) مدینہ آباد سب ڈویژن کے میٹر ریڈر فہد امتیاز ولد امتیاز محمود آپ مورخہ 29-02-2024 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 1846 بتاریخ 14-03-2024 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا اور نہ ہی اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوئے۔ بعدازاں آپ کو مورخہ 30-04-2024 اور مورخہ 23-05-2024 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 3926 بتاریخ 23-05-2024 بھی جاری کیا گیا لیکن آپ نے ان کا بھی کوئی جواب نہیں دیا اور نہ ڈیوٹی پر حاضر ہوئے۔ بعدازاں آپ کو دوبارہ مورخہ 08-08-2024 اور مورخہ 26-09-2024 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ آپ کے گھر کے ایڈریس پر ڈیوٹی سے غیر حاضری کا نوٹس نمبر 6858 بتاریخ 08-08-2024 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہیں دی۔ لہٰذا آپ کو آخری بار مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت / وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) غلام محمد آباد ڈویژن فیسکو فیصل آباد

## وفاقی وزیر توانائی اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات: روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہریوں کا انعقاد، عوامی شکایات کا فوری ازالہ
















# نیپرا ترمیم برائے ادائیگی بل بجلی

## مقررہ تاریخ میں توسیع کیلئے مقررہ تاریخ سے پہلے مجاز اتھارٹی سے توسیع کروانی ہوگی

- مقررہ تاریخ گزرنے کے بعد ادائیگی کیلئے توسیع نہیں دی جائے گی۔
- اقساط اور مقررہ تاریخ میں توسیع کا بل کمپیوٹرائزڈ جاری کیا جائے گا۔

## قسط کی سہولت
## سال میں ایک دفعہ

- پہلی قسط مقررہ تاریخ میں ادائیگی کی صورت میں بغیر مارک اپ کے جمع ہوگی۔
- بقایا اقساط پر 14% مارک اپ ادا کرنا ہوگا۔




**ذمہ داری نبھائیں**

**بل فوری جمع کروائیں**

**یاد رکھیں!**

واجب الادا بل جمع نہ کروانے کی صورت میں آپ کو کنکشن منقطع ہونے کی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے

**فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)**

ویسٹ کینال روڈ، فیصل آباد | www.fesco.com.pk | ٹول فری نمبر 0800-66554,118